**JHARKHAND COUNCIL OF EDUCATIONAL RESEARCH AND TRAINING, RANCHI**

**MODEL QUESTION PAPER**

SUBJECT=URDU مضمون،اردو — COURSE =A کورس۔اے

CLASS = X جماعت۔دسویں — TIME = 3 Hours وقت۔3گھنٹہ

MAXIMUM MARKS = 80 — کل نمبرات۔۸۰

**ضروری ہدایات**

(1) اس سوالنامے میں چار حصے ہیں جن میں 18 سوالات پوچھے گئے ہیں،

(2) حصہ A عبارت فہمی اور شعر فہمی کے کے حوالے سے۔20 نمبر ہیں

(3) حصہ B تحریری مہارت کے حوالے سے۔20 نمبر کا ہے،

(4) عملی قواعد کے حوالے سے۔20 نمبر کا ہے، C حصہ ۔

(5) ادب کے حوالے سے۔15 نمبر کا ہے،D حصہ

ہدایات کے مطابق جواب لکھیں،

**حصہ A**

سوال نمبر 1 مندرجہ ذیل غیر درسی اقتباس کو پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کا جواب لکھیں، 5x1=5

انتظار حسین 21 دسمبر 1925 کو ڈبائی ضلع بلند شہر میں پیدا ہوئے میرٹھ کالج سے بی اے اور ایم اے اردو کیا،

انتظار حسین کا پہلا افسانوی مجموعہ "گلی کوچے "1952 میں شائع ہوا روزنامہ مشرق میں طویل عرصہ تک چھپنے والے کالم لاہور نامہ کو بہت شہرت ملی اس کے علاوہ ریڈیو میں بھی کالم نگاری کرتے رہے افسانہ نگاری اور ناول نگاری میں ان کو ایک خاص مقام حاصل ہے،انہوں نے ابتدائی تعلیم گھر پر ہی حاصل کی۔ابتدائی تعلیم کا آغاز ان کے والد (منتظر علی) کے کٹر مذہبی رجحان اور زمانے کے تقاضوں کے درمیان کشمکش کا ایک سبب بن گیا۔ان کے والد چاہتے تھے کہ وہ روایتی مذہبی تعلیم حاصل کریں اور اسکول جانے کے سخت خلاف تھ

(1) انتظار حسین کی پیدائش کہاں ہوئی؟

(1) لکھنؤ۔(2) بنارس۔(3) بلند شہر۔(4) پٹنہ

(2) "گلی کوچے" کس افسانہ نگار کا افسانوی مجموعہ ہے؟

(1) انتظار حسین۔(2) پریم چند۔(3) نذیر احمد (4) حیات اللہ انصاری

(3) "گلی کوچے" افسانوی مجموعہ کس سن میں شائع ہوا؟

1954(4)1956 (3)1952(2)1955(1)

(4) افسانہ نگاری اور ناول نگاری میں کسے خاص مقام حاصل تھا؟

(1) حیات اللہ انصاری (2) انتظار حسین (3) عصمت چغتائی (4) سرسید

(5) انتظار حسین نے کس کالج سے بی اے اور ایم اے کیا تھا؟

(1) دہلی کالج (2) رانچی کالج (3) میرٹھ کالج (4) لکھنؤ کالج (1)

سوال نمبر 2 مندرجہ ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو پڑھیں اور نیچے دیے گئے سوالات کا جواب دیں،

5x1=5

علم ہے آپس میں اخلاص واخوت کے لیے
یہ نہیں اوروں کے نقصان وہلاکت کے واسطے
علم ہے انسانوں کی بہبود وبقا کے واسطے
یہ نہیں انسانیت کے ابتلا کے واسطے
علم ہے انسان کے خود آگہی کے واسطے
اور انسان کی بھائی چارگی کے واسطے

(1) آپس میں اخلاص واخوت کون پھیلاتا ہے؟

(1) جہالت۔ (2) علم۔ (3) دوستی (4) آپس میں لڑائی

(2) نقصان اور ہلاکت سے کون بچاتا؟

(1) رشتہ دار (2) جہالت۔ (3) انسان (4) علم

(3) انسان میں بھائی چارگی کا ذریعہ کیا؟

(1) علم۔ (2) مال۔ (3) گھر۔ (4) شہرت

(4) ابتلا کا معنی کیا ہے؟

(1) باقی رہنا (2) شہرت پانا (3) آزمائش۔ (4) تکلیف

(5) مندرجہ بالا اشعار میں کس کی اہمیت بیان کی گئی ہے؟

(1) مال ودولت (2) گھر مکان (3) اخلاص ومحبت (4) علم

سوال نمبر 3 مندرجہ ذیل درسی اقتباس کو غور سے پڑھیے اور پوچھے گئے سوالات کا جواب دیجیے،

5x1=5

ڈرامہ یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی ہیں کرنا، ادب میں یہ ایسی صنف ہے جس میں کرداروں مکالموں اور مناظر کے ذریعے کسی کہانی کو پیش کی جاتی ہے ارستو نے ڈرامہ کو زندگی کی بقا کہا ہے داستان ناول اور افسانے کے مقابلے میں ڈرامہ اس لحاظ سے حقیقت سے قریب تر ہے کہ اس میں الفاظ کے ساتھ ساتھ کرداران کی بول چال اور زندگی کے مناظر بھی دیکھنے والوں کے سامنے آتے ہیں، ڈرامہ بنیادی طور پر اسٹیج کی چیز ہے ریڈیو کی وجہ سے ڈراموں کے مقبولیت میں اضافہ ہوا ہے، ارسطو نے ڈرامے کے اجزائے ترکیبی میں چھ چیزوں کو ضروری قرار دیا ہے۔ قصہ، مکالمہ، خیال، آرائش اور موسیقی لیکن ضروری نہیں کہ ہر ڈرامے میں سنگیت یا موسیقی کا عنصر ہو۔ پلاٹ، کردار اور مکالموں اور مرکزی خیال کا ہونا البتہ ضروری ہے۔ ڈرامے کی کامیابی کے لیے یہ ضروری ہے کہ اس میں واقعات کی کڑیاں اس طرح ملائی جائیں کہ بتدریج نقطۂ عروج تک پہنچ برآمد ہوتا ہے۔ وہ انجام کے ذریعے پیش کردیا جاتا ہے۔ حق وباطل اور خیر وشر کی کش مکش بنیادی استانی اقدار اور سماجی، قومی وسیاسی مسائل کو ڈراموں میں پیش کیا جاتا

(1) ڈرامہ کس زبان کا لفظ ہے؟

(1) ہندی (2) انگلش۔ (3) یونانی۔ (4) اردو

(2) داستان ناول اور افسانے کے مقابلے کون سی صنف حقیقت سے قریب تر ہے؟

(1) مضمون۔ (2) ڈراما۔ (3) ناول۔ (4) انشائیہ

(3) کس نے ڈرامے کو زندگی کی نقالی کہا ہے؟

(1) محمد مجیب۔(2) واجد علی شاہ (3) عابد حسین (4) ارسطو

(4) کون سی بنیادی طور پر اسٹیج کی صنف ہے؟

(1) افسانہ۔(2) ناول۔(3) داستان۔(4) ڈراما

(5) کن چیزوں کی وجہ سے ڈرامہ کی مقبولیت زیادہ ہوئی ہے؟

(1) ٹی وی (2) انٹرنیٹ۔(3) موبائل۔(4) ریڈیو

سوال نمبر 4 مندرجہ ذیل شعری اقتباس کو پڑھیں اور سوالوں کا جواب دیں، 5x1=5

سر میں شوق کا سودا دیکھا دلی کو ہم نے بھی جا دیکھا
جو کچھ دیکھا اچھا دیکھا کیا بتلائیں کیا کیا دیکھا
جمنا جی کے پاٹ کو دیکھا اچھے ستھرے گھاٹ کو دیکھا
سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا حضرت ڈیوک کناٹ کو دیکھا

(1) شاعر نے اس نظم میں کس شہر کا ذکر کیا ہے؟

(1) بمبئی۔(2) دہلی۔(3) کلکتہ۔(4) بنگلور

(2) اس نظم (جلوہ دربار دہلی) کا شاعر کون ہیں؟

(1) اکبر الہ بادی۔(2) نظیر اکبر آبادی (3) شاد عظیم آبادی (4) محمد اقبال

(3) نظم میں کس ندی کے اچھے ستھرے گھاٹ کا ذکر کیا گیا ہے؟

(1) جمنا (2) گنگا (3) کوسی۔(4) گومتی

(4) شعر میں لفظ کناٹ سے کیا مراد ہے؟

(1) کناٹ پلیس (2) دہلی۔(3) گورنر جنرل (4) فوج

(5) سب سے اونچے لاٹ کو دیکھا، مصرع میں لاٹ سے کون مراد ہے؟

(1) دہلی کی فوج (2) انگریز۔(3) لارڈ کرزن (4) گورنر جنرل

## حصہ B

سوال نمبر 5 درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر 250 سے 300 الفاظ پر مشتمل ایک مضمون لکھیے،(10)

گلوبل وارمنگ

روزگار ایک مسئلہ

قومی اتحاد ملک کی ضرورت

سوال نمبر 6 شادی میں شرکت کے لیے پرنسپل کے نام ایک چھٹی کا درخواست لکھیں،(یا) 1x4=4

اپنے والد کے نام ایک خط لکھیں جس میں سکول فیس کی مانگ کی گئی ہو،

سوال نمبر 7 بھولا افسانہ کے کرداروں کو اپنی یادداشت کے مطابق لکھیے (یا) 1x4=4

سوال نمبر 8 عورتوں کے حقوق یا نیا قانون افسانہ پر چار جملے لکھیے (یا)

اپنے نصاب میں شامل کسی بھی ایک نظم کا خلاصہ لکھیے

1x3=3

سوال نمبر 9 سر سید احمد خان کی زندگی پر ایک مختصر نوٹ لکھیے (یا)

لائی حیات ائے قضالے چلی چلے کا خلاصہ اپنے الفاظ میں لکھیے

1x3=3

جوش ملیح آبادی کی زندگی کو مختصر الفاظ میں لکھیے،

## حصہ C

سوال نمبر 10 (1) فعل ماضی کی تعریف مع مثال لکھیے،(2)

(2) زمانہ کے اعتبار سے فعل کی کتنی قسمیں ہیں ؟(2)

(3) فعل لازم فعل متعدی میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیے،(2)

سوال نمبر 11 (1) تشبیہ ،استعارہ، کنایہ، میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیے،(2)

(2) اسے فکر کیا سزا و جزا کی (2)

تیری آرزو جس نے صبح مسا کی

اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال ہوی ہے

(1) کسی ایک چیز کو دوسری چیز کی مانند قرار دینا کیا کہلاتا ہے ؟(2)

(1) استعارہ (2) کنایہ (3) تضاد (4) تشبیہ

سوال نمبر 12 درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے کسی چار کو جملوں میں استعمال کریں،(4)

چلو بھر پانی میں ڈوب مرنا، دال میں کالا نظر آنا، دل بھر آنا، یہ کنار سو بیمار، ایک مچھلی سارے تالاپ کو گندا کرتی ہے، الٹا چور کو توال کو ڈانٹے،

-----------------------------

-----------------------------

-----------------------------

-----------------------------

سوال نمبر 13 اس میں سوالیہ نشان کون سا ہے ؟(1)

(1)" (2) ؟ (3)! (4)؛

اس میں سکتہ کی علامت کون سی ہے ؟(1)

(1)؛ (2) , (3): (4) !

سوال نمبر 14 (1) نثر کا متضاد لفظ کیا ہے ؟(1)

(1) نظم (2) شعر (3) مصرعہ (4) شاعر

ڈھونڈو گے اگر ملکوں ملکوں ملنے کے نہیں نایاب ہیں ہم

تعبیر ہے جس کی حسرت و غم اے ہم نفسو وہ خواب ہیں ہم

(2)اس شعر میں ردیف کی پہچان کریں،(1)

(1) غم(2)نایاب(3)ملکوں ملکوں(4)ہم

(1)غزل کاسب سے اچھا شعر کیا کہلاتا ہے،(1)

(1) مقطع(2)مطلع(3)بیت الغزل(4)غیر مردف

## حصہ D

سوال نمبر15 درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو کا جواب دیجیے، 2x2=4

(1)بھولے کے غائب ہونے سے مایا کی کیا حالت ہوئی؟

(2)افسانہ "نیا قانون" کے افسانہ نگار کون ہیں؟

(3)سر سید احمد خان نے بچپن میں کون کون سے کھیل کھیلے؟

(4)"آزمائش "ڈرامہ کے ڈرامہ نگار کون ہیں؟

سوال نمبر16 درج ذیل سوالات میں سے کسی دو کا جواب دیں، 2x2=4

(1) نظم کے معنی کیاہیں؟

(2)جوش ملیح ابادی کی نظم "گرمی اور دیہاتی بازار" میں کس چیز کا ذکر کیا گیا ہے؟

(3)رباعی میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

(4)غزل کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر17 درج ذیل سوالوں میں سے صرف دو کا جواب دیجیے، 2x2=4

(1)منگو" نیا قانون" سے کیا سمجھتا تھا؟

(2)ڈرامہ ازمائش کے کسی دو کردار کا نام لکھیں؟

(3)عورتوں کے حقوق مضمون کا مصنف کون ہے؟

(4)سوانح نگاری سے اپ کیا سمجھتے ہیں؟

سوال نمبر18 مندرجہ ذیل عنوانات میں سے کسی ایک پر نوٹ لکھیں 1x3=3

افسانہ،ناول،غزل، نظم،ڈرامہ

Answer Key جوابات۔
Class 10th. دسویں جماعت ۔

| | |
|---|---|
| 1- 3. | 16- 2 |
| 2- 1. | 17- 1 |
| 3- 2. | 18- 1 |
| 4- 2. | 19- 1 |
| 5- 3. | 20- 3 |
| 6- 2 | Question No 13 |
| 7- 4. | 01- 2 |
| 8- 1. | 02- 1 |
| 9- 3. | Question No 14 |
| 10- 4. | 01- 1 |
| 11- 3. | 02- 4 |
| 12- 2. | 03- 3 |
| 13- 4 | |
| 14- 4 | |
| 15- 4 | |